© rasailojaraid.com



# خبر نامہ ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی (۴۷)

☆ صدر ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی و امیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری کے قرآنی مقالات پر مشتمل ضخیم کتاب 'تجلیاتِ قرآن' کے نام سے مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے شائع ہوگئی ہے۔ صفحات: ۵۶۰، قیمت -/۳۰۰۔ اس کتاب کی تقریبِ اجرا مرکزی مکتبہ کے زیر اہتمام ۱۷/ مارچ ۲۰۱۳ء کو مرکز جماعت اسلامی ہند کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوئی، جس میں نمایاں اصحابِ علم نے شرکت کی۔ پروگرام کی ابتدا میں ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی سکریٹری تصنیفی اکیڈمی جماعت اسلامی ہند نے کتاب کے مضامین ومباحث کا تعارف پیش کیا۔ اس کے بعد پروفیسر اختر الواسع ڈائرکٹر ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی، پروفیسر عبد الحق، ماہر اقبالیات و پروفیسر ایمریٹس شعبۂ اردو، دہلی یونی ورسٹی، مولانا محمد فاروق خاں، مشہور ہندی مترجم قرآن اور ڈاکٹر غطریف شہباز ندوی معاون ایڈیٹر ماہ نامہ افکار ملی نئی دہلی نے اپنے تاثرات کا اظہار کیا اور کتاب کی خوبیوں پر روشنی ڈالی۔ آخر میں مصنفِ کتاب نے اظہار خیال کرتے ہوئے مقررین کا شکریہ ادا کیا اور کتاب کے ان پہلوؤں کی طرف توجہ دلائی جن کا ذکر نہیں آسکا تھا۔

☆ مولانا عمری کی کتاب 'انسان اور اس کے مسائل' ان کی مقبول تصانیف میں سے ہے۔ اس کا ترجمہ انگریزی، ہندی، تلگو اور مراٹھی میں ہوچکا ہے۔ اب شانتی پرکاشن منگلور (کرناٹک) سے اس کا کنڑ ترجمہ بھی شائع ہوگیا ہے۔ اس کے مترجم جناب سعد اللہ صاحب ہیں۔ صفحات: ۸۴، قیمت -/۴۰ روپے۔

☆ اسلامی ساہتیہ پرکاشن گجرات نے مولانا عمری کی متعدد کتابوں کا گجراتی زبان میں ترجمہ شائع کیا ہے: عورت اور اسلام، قیمت -/۷۰ روپے، ہندوستان کے موجودہ حالات: مسائل اور حل، قیمت -/۲۰ روپے، آخری رسول: سیرت اور پیغام، قیمت -/۱۲ روپے، ہم تحریک اسلامی کے کارکن کیسے بنیں؟ قیمت -/۱۰ روپے۔

☆ گزشتہ سال مولانا عمری نے پاکستان کا دورہ کیا تھا۔ اس دورہ کی روداد اور وہاں دیے گئے خطبات کا مجموعہ مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے 'خطباتِ پاکستان' کے نام سے شائع ہوگیا تھا۔ اس کی دستاویزی اہمیت کی بنا پر چھ ماہ کے عرصے میں اس کا پہلا ایڈیشن ختم ہوگیا تھا۔ اب اس کا دوسرا ایڈیشن منظر عام پر آیا ہے۔

☆ اسلام اور وحدت بنی آدم مولانا عمری کی مقبول کتابوں میں سے ہے۔ اس کا ترجمہ انگریزی اور



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہندی کے علاوہ مراٹھی، تلگو اور تمل زبانوں میں بھی ہوگیا ہے۔ مصنف کی نظر ثانی کے بعد اب اس کا نیا ایڈیشن شائع ہوگیا ہے۔ صفحات: ۳۲، قیمت -/۱۶ روپے

☆ رکن ادارہ مولانا محمد جرجیس کریمی کی کتاب 'جرائم اور اسلام' کا ہندی ترجمہ 'بڑھتا اپرادھ: سمسیا اور نِدان' کے عنوان سے مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نے شائع کیا ہے۔ جماعت اسلامی ہند غازی آباد کی جانب سے منعقدہ ورک شاپ مؤرخہ ۲۴/ مارچ ۲۰۱۳ء میں اس کا اجرا عمل میں آیا۔

☆ عالمی رابطہ ادب اسلامی کی شاخ برصغیر و مشرقی ممالک کے زیر اہتمام ۳۲ رواں سالانہ مذاکرۂ علمی ۹-۱۰ فروری ۲۰۱۳ء کو دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ کے ملحقہ تعلیمی ادارے مدرسۃ العلوم الاسلامیۃ علی گڑھ میں منعقد ہوا۔ اس کا مرکزی عنوان تھا: 'بیسویں صدی میں اردو کا سوانحی ادب اور تعمیری قدریں'۔ مولانا محمد جرجیس کریمی نے اس میں شرکت کی اور 'مشاہیر اہل علم کی محسن کتابیں: ایک مطالعہ' کے عنوان سے مقالہ پیش کیا۔

☆ مولانا جرجیس کریمی نے ۸-۱۰/ مارچ ۲۰۱۳ء میں 'عصر حاضر میں مطالعہ قرآن: مسائل اور امکانات' کے مرکزی عنوان پر جامعہ معین الدین چشتی اجمیر میں منعقدہ قومی سمینار میں بھی شرکت کی اور 'انسدادِ دہشت گردی کے عالمی قوانین اور قرآن مجید کا تصورِ امن' کے عنوان سے مقالہ پیش کیا۔

☆ ادارہ کے سلسلۂ توسیعی خطبات کے تحت ۳۱/ مارچ ۲۰۱۳ء کو پروفیسر ولید احمد انصاری، شعبۂ بزنس ایڈمنسٹریشن، مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ نے خطبہ پیش کیا، جس کا موضوع تھا: 'موجودہ مالی بحران: اسباب اور تدارک کی تدابیر' یونی ورسٹی سے وابستہ اساتذہ اور طلبہ کے علاوہ دیگر اصحابِ علم نے بھی اس سے استفادہ کیا۔

☆ علمی حلقوں میں یہ خبر خوشی و مسرت کے ساتھ سنی جائے گی کہ جناب رؤف احمد صاحب، اسسٹنٹ لائبریرین ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی اسلام آباد (پاکستان) نے سہ ماہی تحقیقات اسلامی علی گڑھ کے پچیس برس (۱۹۸۲-۲۰۰۶ء) کے سو (۱۰۰) شماروں کا ڈیجیٹل کلکشن تیار کیا ہے۔ یہ عناوین، مصنفین اور موضوعات کے اعتبار سے ہے۔ اس میں مطلوبہ مقالہ کو ڈاؤن لوڈ کرنے کی بھی سہولت ہے۔ اسے exported_tahqeeq-06.rar سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ یہ ایک اہم علمی خدمت ہے، جس کے لیے موصوف ہم سب کے شکریے کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے۔

☆ اہلِ علم کے لیے یہ خبر باعثِ مسرت ہوگی کہ ادارہ نے ۲۰۱۴ء کے اوائل میں ملکی سطح کے ایک سمینار کے انعقاد کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سے متعلق دیگر تفصیلات سے انھیں جلد ہی مطلع کیا جائے گا۔

☆ الحمدللہ اہلِ خیر کے تعاون اور دعاؤں کے طفیل ادارہ کے کیمپس میں مسجد کی تعمیر کا سلسلہ جاری ہے۔



© rasailojaraid.com